تلخیص و تسہیل ان کے ایک مایۂ ناز خلیفہ مولانا عبدالحیؒ کے قلم سے صفحات ۱۱۲ ، ناشر مکتبہ قاسم العلوم جے دن/۱۴۰ کورنگی کراچی۔

تمرین النحو :۔۔۔ ازمولانا محمد مصطفیٰ ندویؒ اضافہ ازمولانا عبدالماجد ندوی ، صفحات ۱۳۲ ، قیمت ۵/۵۰ روپے۔

تمرین الصرف :۔۔۔ ازمولانا معین اللہ ندوی صفحات ۱۱۲ پہلی کتاب علم نحو اور دوسری علم صرف پر جدید طرز پر صرف و نحو کی مشقی کتاب اردو دان طبقہ کے علاوہ مدارس عربیہ کے طلبہ کے لئے بھی بے حد مفید ہر دو کتابوں پر مولانا ابوالحسن علی ندوی کا مقدمہ ہے ۔ اور دونوں کا ناشر: مجلس نشریات اسلام اے کے ۳ ناظم آباد کراچی۔

صیانۃ الحدیث حصہ دوئم :۔۔۔ ازمولانا عبدالرؤف رحمانی جھنڈانگری سراج العلوم جھنڈانگر نیپال انڈیا۔ صفحات ۲۰۰ ، قیمت ۶/ روپے ۔حجیۃ حدیث پر ایک وقیع اور عالمانہ کتاب کا دوسرا حصہ جس میں تدوین و حفاظت حدیث کے سلسلہ میں جلیل القدر تابعین اور محدثین عظام کا مختصر مگر مستند تذکرہ بھی آگیا ہے۔

مقامع الحدید علی الکذاب العنید :۔۔۔ بریلوی طبقہ کے ایک رسالہ المصباح الجدید کی تہمت طرازیوں کا جواب اور رضا خانی عقائد مؤلفہ محمد حنیف اعظمی مبارکپوری ۔ انڈیا کی کتاب کا عکسی ایڈیشن ہے ، صفحات ۹۶ قیمت ۳/ روپے ۔ ناشر :۔ انجمن ارشاد المسلمین ۶ ، بی شاداب کالونی ٹمپل روڈ لاہور۔

جامع الآراء فی مراتب الخلفاء :۔۔۔ ازمولانا لعل شاہ بخاری مدنی مسجد واہ کینٹ صفحات ۹۶ ، قیمت ۶/۵۰ روپے ۔ خلفائے راشدین کے مناقب و مراتب پر صحابہ کرام تابعین ائمہ عظام کے اقوال و تحریرات کی روشنی میں ایک سیر حاصل تبصرہ ۔ (س ح)

زمزمۂ حق | مؤلف : حافظ محمد ظہور الحق ظہورؔ ناشر : مکتبہ رشیدیہ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی صفحات : ۱۲۸ ، طباعت : عمدہ قیمت ۷/ روپے ۔

حافظ محمد ظہور الحق ظہورؔ خوش فکر شاعر ہیں ۔ ان کا زیر نظر مجموعۂ کلام حمد و نعت ، منقبت صحابہؓ اور قومی و ملی منظومات پر مشتمل ہے ۔ وہ اُن قومی روایات کے امین ہیں جن کی داغ بیل مولانا حالیؔ نے ڈالی اور علامہ اقبالؒ نے انہیں صیقل کیا ۔ حافظ ظہور صاحب کے اشعار حالی کی طرح پُر خلوص ، سادہ اور " از دل خیزد بر دل ریزد " کے مصداق ہیں ۔ انہوں نے دوٹوک اور واضح الفاظ میں دینی دعوت پیش کرنے کا اسوۂ انبیاء سامنے رکھا ہے ۔ (اخترراہی)

☆☆